جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تسخیر جنات

عرف

بھوتوں کا جادو

اس کتاب میں جنوں بھوتوں کو تسخیر کرنے اور ان سے حیرت انگیز کام لینے کے ایسے
ایسے حیرت انگیز جادو عملیات جنتر منتر درج ہیں کہ جنکی دنیا کو مدت سے تلاش تھی

کتاب منگوانے و خط و کتابت کا پتہ حسب فرمایش

عامل کامل دی امریکن میجیکل کمپنی ملتان شہر

بار دوم ۱۰۰۰

دیباچہ

ناکامی کے سوا

نمائشی فقیروں اور عملیات کی لایعنی کتابوں سے آپ کو کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اگر دین و دنیا کے فوائد و برکات سے بہرہ اندوز ہونے کی خواہش ہے تو آئندہ صفحات کو بغور ملاحظہ فرمائیے دنیا کی ہر مصیبت اور زندگی کی ہر کشمکش میں انہیں دستور راہ قرار دیجئے کہ یہی ان کی اشاعت کا حقیقی مقصد ہے ٭

حقیر

پروفیسر جی۔ آر۔ لائلپوری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قواعد عملیات

۱۔ عملیات کے پڑھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ کسی جگہ تنہائی خواہ مسجد خواہ جنگل یا تالاب یا دریا ہونا چاہیئے۔ جامہ ہر وقت پاک صاف ہو۔ ہر غسل کر کے شروع کرنا چاہیئے۔

۲۔ جو اوقات مقرر کر لینے چاہیں اُنہیں اوقات پر پڑھنا چاہیئے۔ کار نیک کے واسطے جو عمل شروع کریں عروج ماہ میں اور دیگر امورات کے لئے نزول بہتر ہے

۳۔ ہمیشہ سچ بولیں جھوٹ کو حرام سمجھیں۔ بیہودہ باتوں سے پرہیز کریں اور یہ اظہار نہ کرتے پھریں کہ میں نے فلاں عمل فلاں کام کیواسطے شروع کیا ہے اگر کوئی دریافت کرے تو اجتناب کریں۔

۴۔ بعض اصحاب عملیات کے پڑھنے اور اُسکا نتیجہ خاطر خواہ نہ نکلنے پر کمال افسوس کرتے ہیں اور یہ شکایت ہوتی ہے کہ ہمارا عمل کمزور ہے طبیعت ہٹ گئی خیالات تبدیل ہو گئے۔ ایسے اصحاب کی خدمت میں عرض ہے کہ اوّل اپنے عیوب پر نظر ڈالیں۔ جھوٹ بولنا۔ دھوکا دینا۔ مسلمانوں کا ناجائز مال غصب کر کے کھا جانا۔ قرضہ دار کا قرض ادا نہ کرنا۔ عیب کرنا۔ چوری کرنا۔ دو نوں کو آپس میں لڑا دینا۔ علم دین کی توہین کرنا۔ نظر بد رکھنا

صوم و صلوٰۃ کا پابند نہ ہونا۔ عقائد صحیح نہ ہونا۔ دل میں خیال قائم کر لینا کہ عملیات میں کیا رکھا ہے۔ کون ملا بنے سمجھ لیں کہ آپکا قلب گندہ ہے۔ باطن صاف نہیں اس لئے آپکا عمل نامکمل رہا۔ قاعدہ کے موافق نہیں پڑھا گیا۔ پھر شروع کریں ممکن نہیں کہ رب العزت کی درگاہ سے اُمید بر نہ آوے۔

۵۔ جو لوگ عملیات سے سرسری طور پر فائدہ اٹھاتے ہیں یا شوق میں آکر چار چکھ کر چھوڑ دیتے ہیں وہ سخت غلطی کرتے ہیں اب سمجھ لیجیے کہ آپ نے ایک عمل پڑھا ایک چلہ پورا کیا اثرات قائم نہیں ہوئے اس پر پھر وہی دوبارہ کر دو پھر سہ بارہ کرو آج نہیں کل ہو گا یہ سمجھ لو اور یقین کرو کہ عمل میرے لئے مضر ہو گا۔ اللہ بہتر جاننے والا سمیع و قریب ہے۔

۶۔ جو شخص دربارِ خداوندی میں پانچوں وقت نہایت عاجزی سے حا ہوتا ہے یعنی (نماز پڑھتا ہے) اللہ تعالےٰ خود اُسے مقرب بنا لیتا ہے اللہ تعالےٰ خود فرماتا ہے۔ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا اس لئے نماز کی پابندی ضرور فرماویں۔ پھر یقیناً کامیابی ہے۔

شہنشاہ جنات کو تسخیر کرنیکا حیرت انگیز طریقہ

ہر روز نوچندی جمعرات کو غسل کرکے عطریات لگاکر کنارہ آب رواں پر نصف
شب گذرے جا بیٹھے اور ہمراہ آگ لیجاوے اُپر لوبان کا بخور کرتا رہے
جب تک عمل تمام نہ ہووے اول کنارہ پر بوقت صبح جاکر کوئی اچھی جگہ نشست
کی تلاش کر چھوڑے شب کو جاکر اس جگہ عمل شروع کرے جس وقت اول روز
عمل شروع کیا ہو۔ اِس وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیوے۔ اول روز
گیارہ عدد دودھ کے پیڑے جو حلوائی بناتے ہیں بازار سے خریدے اور
گیارہ پھول خوشبودار اور گیارہ الائچی سفید اور گیارہ لونگ اور عطر کی
شیشی ہمراہ رکھے اور کنارہ آب رواں پر جاکر پہلے ایک دائرہ چاقو سے
کھینچے اس کے اندر آپ بیٹھ جاوے اول نیاز حضرت سلیمان علیہ السلام
کی ان پیڑوں پر دیوے یعنے الحمد اور قل اور درود شریف پڑھکر دم کرکے
یہ کہے کہ یہ نیاز حضرت سلیمان علیہ السلام کی ہے۔ عمل شروع کر دیوے۔
پانچ لاکھ ایک سو ایک مرتبہ عمل پڑھے۔ فوراً شہنشاہ جن حاضر ہوکر
سلام کرینگے شکل بہت سخت ڈراونی ہوگی۔ دائرے سے باہر کھڑے ہوکر
کہینگے بول کیا چاہتا ہے۔ عامل اُسے نرم آواز سے کہے کہ یہ پیڑے
کھالیں وہ فوراً اُن پیڑوں کو کھا جاینگے۔ اگر اول روز وہ نہ آویں

تو دوسرے روز اسی طرح کرے غرضیکہ چالیس یوم کے اندر۔ اندر ضرور تشریف لاوینگے اور باتیں کرینگے جو حکم دینگے وہی تعمیل کریں گے۔ جو پوچھو گے بتائینگے۔

عمل یہ ہے

شہنشاہ جنات بالا بھولا ننگی پیٹھ بلانی گھوڑا سوا سیر کا توشہ کھاوے ۸۰ کوس کی دہائی جاوے مارا مارا کرتا جاوے تا یا پیلان پڑتا جاوے مری جوکی بٹھلا مارے کوٹ بندے نیلا گھوڑا نیلا گھوڑا زین جسپر چڑھے جنات کا پیر عادل تکا بادل تیر شیر کو لاوے تک زنجیر سوا من کا دے نوالہ سوا من کا پیوے پیالہ تا ریاوی سلادیا نرکی کے چاہے جہاں تو وہاں اور کون حیران تو ایسا جڑ جھتے سرور کا جنگ وار لنگ حضرت سلیمان مرے کام میں حیل وحجت نا کیجو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

عمل تسخیر جنات

سورۂ مزمل شریف کا حیرت انگیز عمل

ترکیب۔ ایک ماہ بیس دن تک اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف

اور چالیس مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھے۔ مکان تنہا ہو۔ خوشبو لگائے پاک صاف ہو۔ نماز کا پابند ہو۔ آخری دن چار اشخاص حاضر ہونگے اور سلام کرینگے۔ اون کو جواب دینا بعدہٗ وہ کہیں گے حضرت کیوں یاد فرمایا ہے۔ آپ خوش مزاجی سے انہیں کہنا کہ میں آپ سے دوستی رکھنا چاہتا ہوں۔ جب کوئی کام ہوا کرے گا آپ کو طلب کر لیا کروں گا اُن سے ڈرنا نہ چاہیئے ورنہ خیر نہیں۔ ان کا لباس سیاہ ہوتا ہے ڈراتے دھمکاتے ہیں۔ اگر عامل اسوقت ڈر گیا تو بس خیر نہیں اگر نہ ڈرا تو تابع ہو جاتے ہیں۔ جو حکم دو فوراً تعمیل کرتے ہیں۔ ایک بنگالی شاہصاحب کو دیکھا تھا کہ وہ ان سے نہایت عجیب و غریب کام لیتے تھے۔ مثلاً دور دراز کی خبریں پل بھر میں منگوانا۔ پریوں کے ناچ دیکھنا۔ دور دراز کی سیر کرنا۔ سنگدل ظالم بے رحم کو سرنگوں کرنا دشمن کو خراب کرنا۔ سٹہ یا لاٹری کا حال بتانا۔ دفینہ معلوم کرنا۔ بے موسم پھل منگوانا۔ شاہصاحب اپنے اوپر چادر اوڑھ لیتے تھے اور اسی عمل سے ہمکلات کو حاضر کر کے اپنا ہر کام کرا لیتے تھے ایک دفعہ ایک شخص نے دریافت کیا کہ یا حضرت اس وقت میرے گھر میں کیا پک رہا ہے۔ تو شاہصاحب نے چادر اوڑھ کر تھوڑی دیر کے بعد جواب دیا کہ آپ کے گھر اب میتی کا ساگ پک رہا ہے اگر یقین نہ ہو تو یہ لو اپنے گھر کی ہانڈی وہ بیچارا ششدر رہ گیا اور پاؤں پر گر پڑا۔

ایک دفعہ ایک شخص نے شاہصاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھا یا حضرت میرا لڑکا عرصہ چھ سال سے گم ہے آیا زندہ ہے یا کہیں مرگیا ہے تو شاہصاحب نے حسب معمول چادر اڑکر تھوڑی دیر کے بعد جواب دیا کہ وہ زندہ ہے۔ بمبئی میں بھنڈی بازار کے قریب ایک سبزی والے کے دوکان پر نوکر ہے اگر یقین نہ ہو تو یہ چادر تھوڑی سی اٹھا کر دیکھو جونہی اس نے چادر اُٹھا کر دیکھی تو واقعی اس دکان پر مالٹے تول رہا تھا۔ وہ شخص شاہصاحب کے پاؤں پر گر پڑا اور عرض کی کہ یا حضرت کسی طرح اسے واپس منگوا دیں تو پھر شاہصاحب نے اپنے موکلات کو حاضر کرکے کہا کہ جاؤ اس لڑکے کو اُٹھا لاؤ۔ وہ آنکھ جھپکنے میں اسے اٹھا لائے اور اُسکے گھر کے قریب چھوڑ گئے ؛

پریوں کے بادشاہ کا حاضر ہونا

اگر پریوں کے بادشاہ کو معہ لشکر کے حاضر کرنا مقصود ہو۔ تو غسل کرکے پاک لباس معہ خوشبو وغیرہ لگا کر کسی تنہائی میں یا کسی باغ میں جو جنگل کے قریب واقعہ ہو جا کر علیحدہ کسی ایک مقام پر بیٹھ کر ایک سو ۱۶۰ عدد

مرتبہ سورت منزل شریف پھر سات مرتبہ سورت جن پڑھے معہ اول
آخر یکصد یکصد بار پڑھے اسی وقت پریوں کے بادشاہ سلامت معہ
اپنے لشکر کے حاضر ہو جائینگے۔
اس وقت ڈرے نہیں ورنہ جان کی خیر نہیں پھر جو چاہے بیان کرے
جس دشمن کو چاہے حاضر کرائے جو عمل چاہے کرائے۔ مقربان الٰہی
حکم بجا لائینگے۔
استقامت قائم سے کام لینا چاہیئے۔

زندہ جادوگر مفت

اگر آپ گھر بیٹھے ہر قسم کے جادو۔ عملیات۔ عمل حب بغض۔ تسخیر ہمزاد
اسم اعظم۔ پرندہ الو کے کالے جادو۔ تنتر ودیا سیکھنے کے خواہشمند
ہیں تو آج ہی محصول ڈاک کے لئے تین پیسے کا ٹکٹ لفافہ
میں بند بھیجکر ہماری کتاب زندہ جادوگر مفت طلب کریں۔

پتہ

عامل کامل وہی امریکن میجیکل کمپنی ملتان شہر

اجنہ کے بادشاہ کو تسخیر کرنا

کسی بیابان قبرستان میں جاکر جمالی طریقہ پر روزانہ ۳۳۳۳ بار بقید ترک حیوانات سورۂ جن شریف پڑھیں یعنی پہلے تین دن عروج ماہ میں منگل۔ بدھ۔ جمعرات روزہ رکھیں اور ان تینوں دنوں میں لوبان کی دھونی خوب دیں پھر ان تین دنوں میں یہ چلہ ۳۳۳۳ بار کا سورۂ جن شریف کا پورا کریں۔ اس حساب سے پڑھیں کہ شب جمعہ میں رات کو بارہ بجے ختم ہو جاوے۔

رات کو بارہ بجے قبرستان میں سے اجنہ کا بادشاہ ابو یوسف حاضر ہوگا اور سلام علیکم کرکے آپکے پاس بیٹھ جاوے گا صاحب دعوت کو یہ کہنا چاہیئے کہ میرا حق آپ پر واجب ہے میں تنگدست محتاج پریشان حال بوجہ اہل وعیال فقر و فاقہ سے گذرتا ہے۔ حلال رزق سے میری مدد کرو۔ جس سے میں اپنی خانگی ضرورت پوری کروں۔

حج کا سفر کروں اور اپنے دیگر ضروری کام قرض وغیرہ سے

سبکدوش ہو جاؤں۔ پس بادشاہ کے ساتھ جو اس کے پشت پر کھڑے ہونگے اُن میں سے ایک شخص کو حکم دیگا وہ مثال رعدِ برق کے جائیگا اور جو قسمت کا ہوگا اُن واحد میں لا دے گا شکر خدا تعالیٰ بجا لانا چاہیئے پھر وہ چلا جاوے گا۔

ہدایت یہ موکل ہے اجنہ کا بادشاہ اسکی ہیبت بہت سخت ہے کوتاہ قد اور لمبے لمبے ہاتھ ہیں۔ ڈراونی شکل ہے۔ تین آدمی اس کی پشت پر اور ہونگے۔ ڈرنا مت خوف نہ کھانا ورنہ جان کی خیر نہیں۔ نہایت بہادری کے ساتھ بات چیت کرنا۔ ورنہ اگر خوشامد کی یا خوف کھایا یا طبیعت پر ہراس لائے بس عمل بیکار ہو جاوے گا اور تمہیں سخت نقصان پہنچا دیں گے۔ اور وہ لوگ آپ کو کچھ نہ دینگے۔ واپس چلے جاوینگے۔ محنت برباد جائیگی۔ آنکھیں بند نہ کرنا۔ نہ ڈرنا پھر تو کام پورا سمجھو۔ یہ اُن اجنہ میں سے ہوگا۔ جو حضور سرورِ کائنات کے دست مُبارک پر ایمان لائے تھے ؛

بھوتوں کو تسخیر کرنا

دیوالی کی رات کو پرندہ اُلو کو ذبح کرے اور اُس کے خون سے مندرجہ ذیل نقش لکھے اور اس نقش کو اپنی کمر میں باندھکر رات کو مسان میں جاوے اور مندرجہ ذیل منتر ۱۲۵ مرتبہ پڑھے اسی طرح جب چالیس یوم ہو جاوینگے آخری رات کو ایک دیو بدشکل حاضر ہوگا اور جھک کر سلام کرے گا۔ اور عرض کرے گا کہ حضور مجھے کس لئے یاد فرمایا ہے۔ اُسے کہو کہ میں تمہیں اپنا خادم بنانا چاہتا ہوں وہ غصے میں آکر آپ کو ڈرائیگا۔ آپ پر آگ مسان کی (جہاں مردہ جل رہا ہوگا) ڈرائیگا لیکن آپ پر کچھ اثر نہ ہوگا آپ کو ایسا معلوم ہوگا کہ مجھ پر آگ ڈالتا ہے لیکن اصل میں وہ ڈالے گا نہیں شیر بن کر خوفناک آوازیں نکالے گا اگر آپ اس وقت ڈر گئے تو خیر نہیں اگر بہادر بن کر آپ اپنے کام میں مشغول رہے تو پاؤں پر گر پڑیگا اور غلام بن جاویگا اپنے حاضر ہونیکا خود بخود طریقہ بتلا دیگا پھر جب ضرورت ہو حاضر کرے جو کام چاہو کرا سکتے ہیں۔



نقش یہ ہے ؛ .....

منتر یہ ہے - (اوم)
چانگ - چینگ
پروا - سواھا

شہنشاہ جن یا بھوتوں پریتوں کے تسخیر

ہوجانے کے بعد جو کام چاہو منٹوں میں کرا لو - جو بات پوچھو فوراً
بتا دینگے - جیسے چاہو منگوا لو - بس عمل پڑھا جن حاضر ہوا کہا
جاؤ میرے لئے کھانا لاؤ وہ ہر حکم کی تعمیل کریگا فوراً کھانا لاکر
حاضر کرے گا - غرضیکہ جو مشکل سے مشکل کام ہو انہیں بتلاؤ
فوراً تعمیل کرینگے - اگر عامل نے انہیں ہر وقت تنگ کر دیا تو
پھر یہ جانی دشمن بن جاتے ہیں - بس عامل سے ذرا سی چیز
میں غفلت ہوئی - پاگل بنا دیا - لنگڑا لولا کر دیا - جان سے مار
ڈالا - اگر احتیاط کی تو پھر غلامی کرتے ہیں - اس لئے خیال
سے کرنا چاہیئے ورنہ ہم ذمہ دار نہ ہونگے ؛

عمل تسخیر موکلات

پرانے قبرستان میں دو قبروں کے درمیان بیٹھکر بعد نماز عشا
پڑھنا شروع کرے۔ اکیس یوم میں پورا ہوگا۔

بِحَقِّ اھَا شَرھَیاء اَجِیبُولِی رَبِّیَ الَّذِی خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ عَلَی الْعَرْشِ۔ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی
الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْھَا وَمَا یَنْزِلُ مِنَ
السَّمَآءِ اَیْنَمَا کُنْتُمْ وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِیْرٌ

ترکیب:۔ روزانہ بعد نماز عشاء تین ہفتہ تک دو پرانی قبروں کے
درمیان بیٹھکر پڑھنا چاہیئے ۳۴۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ قبرستان میں
جاکر پڑھنا چاہیئے کوئی ڈر خوف نہ کھائے۔ مزید اطمینان کے لئے کسی
ہم جلیس کو اپنے ہمراہ لیتے جادیں جو علیحدہ دور کسی قبر پر بیٹھا رہے
کرے۔ آخر دن بھر یعنی اکیسویں دن ایک بڑا ہوکل بنا جن برہنہ

ہادر زاد آوے گا۔ کپڑے علیٰحدہ رکھے ہوئے دونوں قبروں کے
درمیان لیٹا ہوا ہوگا۔ یہ بتلا دینا ضروری ہے۔ کہ وہ دائیں جانب لیٹے
والے کے لئے ذرا سی جگہ سرہانے کی طرف قبر کے چھوڑیگا اُس جگہ پر بائیں
بیٹھکر پڑھنا شروع کردے۔ اگر آپ کو وہ پکارے ہرگز مخاطب ہوں نہ جواب
دیں اور نہ ہی آپ اُس سے کلام کریں۔ بعد ختم وہ موکل کپڑے پہنکر آپکے
سامنے کھڑا ہوجاویگا اور کہیگا کہ کیا حکم ہوتا ہے۔ کہنا کہ اس عمل کے
موکل کو فوراً حاضر کرو۔ وہ فوراً غائب ہوجائیگا اور چند منٹ کے بعد
موکل حاضر ہوگا۔ موکل آپ سے پوچھیگا فرمایئے حضور کیا حکم ہوتا ہے
آپکا جو کام ہو کہدیں۔ صبح انشاء اللہ ہوجاویگا۔ آپ اُسے کہیں
کہ ہمیں اپنے طلب کرنیکا طریقہ بتلائیں وہ آپ کو بتلائیگا۔ جب تک
وہ اپنے طلب کرنیکا طریقہ نہ بتلائے جانے کی ہرگز اجازت نہ دیں۔ اور
وہ بھی آپکی بلا اجازت ہرگز نہ جاویگا۔ آخرکار وہ بتلائیگا پھر آپ اُسے
جو کام کہوگے فوراً کردیگا۔

پرہیز:۔ لحم البقر نہ کھاویں۔ حقہ شراب سے پرہیز کریں۔ نماز کی
پابندی کریں۔ اگر اس وقت جنات ڈرائیں تو ہرگز نہ ڈریں۔ آنکھیں بند کرلیا
کریں ورنہ خیر نہیں۔ خیال سے ان عملیات کو کرنا چاہیئے:

دو شخصوں کی درمیان جدائی ڈالنے

کا حیرت انگیز نقش

اگر آپ کسی کے درمیان جدائی ڈالنا چاہتے ہیں کام جائز ہے تو مندرجہ ذیل نقش سے کام لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حیرت انگیز اثرات ملاحظہ فرمائیں گے۔



قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔

فلان بن فلان درمیان فلان بن فلان

اس نقش کو بھوج پتر پر بروز ماہ میں لکھ کر مٹی کے برتن میں رکھ کر پرانی قبر میں کسی تاریخ کو دفن کر دیں چند دنوں میں جدائی ہو جائے گی مجرب ہے

حُب کا حیرت انگیز تعویذ

ساعت مشتری یا زہرہ میں قلم انار شیریں کی بنا کر مشک یا زعفران سے لکھے مگر پاک و صاف ہو کر اور قند سے نبات منہ میں ڈالے پھر بازو پر باندھے اور ایک نقش دھو کر مطلوب کو پلاوے مگر حلال کے لئے ہرگز خطا نہ کریگا اور پشت پر یہ عبارت لکھے اور نقش معظم یہ ہے۔ اس طرح کرنے سے مطلوب مطیع ہو کر حاضر ہو گا۔

وَالْقَيْتُ ۱	وَالْقَيْتُ ۱۱	وَالْقَيْتُ ۱۲	وَالْقَيْتُ ۸
عَلَيْكَ ۱۳	عَلَيْكَ ۷	عَلَيْكَ ۳	عَلَيْكَ ۱۳
مَحَبَّةً ۶	مَحَبَّةً ۹	مَحَبَّةً ۱۶	مَحَبَّةً ۳
مِنِّيْ ۱۵	مِنِّيْ	مِنِّيْ ۵	مِنِّيْ ۱۰

فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان من ناس من بحق من دون اللہ یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ۔

مایوسی اولاد کا حیرت انگیز مجرب عمل

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

ہر نماز کے بعد بصد عجز و انکساری کے ساتھ یہ دعا ایک تسبیح پڑھنا چاہیے پروردگار صالح اولاد پیدا کرے گا۔ مجرب ہے۔

(نوٹ) عورت یا مرد کو اگر کوئی ہو تو پہلے اسکا علاج ضرور کرا لینا چاہیئے۔

معشوق عاشق کے قدموں پر
حُبّ کا حیرت انگیز منتر

بھوت ماتا بھوت پتا بھوت سرتبال اوڑی کالی ناگنی فلاں کو جالاگ۔ ایسا جالاگ کہ فلاں کو لگ جاوے ہماری محبت کی آگ۔ نہ کھڑے سکھ نہ لیٹے سکھ سوتے سکھ سند ہو رچڑھاوں منگلوار کبھی نہ چھوڑے ہمارا خیال جب تک نہ دیکھے ہما مکھ کایا تڑپ تڑپ مرجائے چلو منتر بھورو باچا دیکھاوے شبد اپنے گرو کے بچن سے علم کا تماشا۔

ترکیب یہ بروز بار یا اتوار اگر نوچندی ہو تو بہت ہی بہتر ہے اور ایک آٹے کی چومکھا چراغ بنا کر اسی کے اندر گھی ڈالے اسکو سامنے جلا کر رکھے سات دانہ ماش پیلا کے ہوں اور ہر ایک دانہ پر سات سات مرتبہ مذکورہ بالا موہنی منتر کو پڑھے اور حلوا قریب سوا پاؤ کے تیار کر کے لیے جاوے سند ہو اور سات عدد پھول خوشبودار سات عدد الائچی۔ سات عدد بڑے لونگ اور گھی کے چراغ پر دھوپ دے اور علیحدہ آبادی سے باہر چوراستہ پر برہنہ پڑھے تمام چیزیں روبرو رکھ لیئے اور ایک گڑھا درمیان چوراہے کے قریب سوا بالشت کے کھولدے پھر عمل کو پڑھنا شروع کرے تصور مطلوب بیدرکھے بعد ختم عمل کے تمام چیزیں گڑھے میں دفن کر کے چلا آوے

ثبت پھیر کر نہ دیکھے اول تو پہلی رات ورنہ دوسری رات تو ضرور مطلوب حاضر ہوگا
اور عاجزی کریگا خیال سے عمل کو کریں تجربہ شدہ ہے ۔

آسیب اتارنیکا حیرت انگیز عمل

جس عورت یا مرد پر آسیب یا جن۔ چڑیل کا سایہ ہو۔ ہر وقت اُسے خراب خواب
آتے ہوں تو سورۂ جن شریف پوری ایک بار پڑھکر جس پر آسیب کا خلل ہو دم کر دیں
انشاء اللہ تعالیٰ اثر کر جائیگا پھر سورۃ یٰسین شریف ایک ایک بار پڑھکر چاروں
رخ کونوں کی طرف پھونک دے ہمیشہ کیواسطے وہ مکان بھی محفوظ ہو
جاویگا۔ یا سورۃ جن پوری لکھکر بازو پر بطور تعویذ باندھے ہمیشہ محفوظ رہیگا

تجارت میں ترقی کرنیکا حیرت انگیز وظیفہ

جو شخص اپنی تجارت میں نقصان کر رہا ہو۔ فائدہ نہ ہوتا ہو وہ مندرجہ ذیل عمل
ہمیشہ اپنے ورد میں رکھے انشاء اللہ کافی فائدہ ہوگا۔ کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ عمل ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلٰی
جَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط
بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

برائے حاجات دینی و دنیوی

آپکی کوئی حاجت ہو۔ کوئی مشکل درپیش ہو آپ اس عمل کو شروع کریں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور پوری ہوگی۔ کئی مرتبہ کی تجربہ شدہ دُعا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پھر پوری آیۃ الکرسی شریف عظیم تک پھر اَلَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔ یہاں پر جو حاجت رکھتا ہو نام لے انشاء اللہ قبول ہوگی نہایت موثر دُعا ہے نااہلوں سے پوشیدہ رکھیں۔

ترکیب۔ بدھ جمعرات۔ جمعہ تین یوم روزہ رکھنا ضروری ہے پھر جمعہ کا غسل کرکے جامع مسجد میں جاکر مساکین اور غربا کو صدقہ تقسیم کرے اور مغرب قبلہ رو بیٹھکر اس کو پڑھنا شروع کرے جس قدر پڑھ سکے امام کا خطبہ شروع ہونے سے پہلے دعا مانگ لے۔ نوٹ۔ اس کتاب کے خریداران عملیات سے فائدہ اٹھا سکینگے دوسرے اصحاب نہیں۔ کیونکہ ان تمام عملیات کی خریداروں کو اجازت دی گئی ہے۔ دوسروں کو فائدہ نہ ہوگا یا اگر شوق ہے تو یہ کتاب مندرجہ ذیل پتہ سے با اجازت منگوا کر فائدہ اٹھاویں۔ قیمت

ملنے کا پتہ ھا عامل کامل دی امریکن میجیکل کمپنی ملتان شہر عہ ۸

کالا علم

یعنی حُب کا مجرب منتر

بھا بھوت ماتا۔ بھا بھوت پتا۔ بھا بھوت بیر بتال اڑی کالی
ناگنی جا فلانی کو جا لا گا ایسی لاگنی لاگ جیسی کالکو
لگ گئی آگ پڑھٹہ بھا بھوت مرچ جلاؤں جیسی مرچ
جلی ایسے فلاں کا کال جلے جلے تو جلی نہیں لونا چماری
کے کنڈ میں پڑے پڑھ ایشور مہادیو تیرا باچھا پھوریے

کام سو جو میرا اللہ نبی کرے ؛

ترکیب :- نوچندی جمعرات کو علیحدہ مکان یا جنگل میں گیارہ
مرتبہ یعنی گیارہ مرچ سیاہ پر فی مرچ گیارہ مرتبہ پڑھ کر آگ میں ڈال
دے گیارہ روز کرے اس عرصہ کے اندر مطلوب مطیع ہو کر حاضر
ہوگا۔ بلکہ عاجزی کرے گا ؛

معشوق عاشق ہو جائیگا

حُب کا حیرت انگیز منتر

ھاتم پھکاروں۔ مکہ ملوں۔ کاچی مچھلی کھاون آٹھ پھر چوٹہ گھڑی میں فلاں بن فلاں موھی گھر آوے ؛

ترکیب :۔ کسی دن شروع کرے۔ سات دن تک کرے۔ بوقت شب جائے سونے میں تنہا سوائے جہاں سوائے عامل کے دوسرا نہ جاوے اور نہ پلنگ پر بیٹھے ورنہ بیمار ہو جاویگا اور اس پلنگ پر زمین کے نیچے یعنے پلنگ کے نیچے زمین پر مطلوب کی تصویر کوئلے سے کھینچے اور کل نشان جسم کے قائم کرے بوقت پڑھنے کے چاقو ہاتھ میں لے کر پیشاب گاہ کے مقام پر گاڑھے اور پڑھتا جاوے چاقو کو ہلاتا جاوے تصور مطلوب کا بیحد خیال رکھے جب آنکھوں میں نیند آوے۔ تب پلنگ پر سو جاوے انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم نہ گذرینگے کہ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا ؛

طحال دفع کرنیکا مجرب منتر

گورو گورکھ ناتھ کی باچھا پھرے برھما کی باچھا پھرے کرشن مہا دیو کی باچھا پھرے ہنومان کی باچھا پھرے۔

ترکیب :- بروز اتوار یا منگل تین بیگن یا لیمون یا کھٹا پر ۱۰۳ بار پڑھکر چاقو سے کاٹ دیوے اور اس کو الگ رکھدے پھر اسکو نہ کھاوے تمام عمر کے لئے طحال چھوڑ جاویگا ؛

ہر قسم کا بخار غائب

مندرجہ ذیل نقش کو لکھکر گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالےٰ بخار غائب ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؛

یا اللہ یا رحیم یا حی یا قیوم یا ذا الجلال والاکرام
لا الہ الا انت انت الشافی انت الکافی

مجرب ہے ؛

نہایت مجرب استخارہ

اگر آپ نے کسی کام کے متعلق یہ دیکھنا ہو کہ یہ ہوگا کہ نہیں۔ آیا کامیابی ہوگی کہ نہیں وغیرہ وغیرہ تو دو رکعت نماز نفل استخارہ برائے حاجات دینی یا دنیوی جو نیت ہو دل میں کرے اور یہ کہے کہ اسکا ثواب حضرت غوث پاک کو پہونچے اور نیت باندھ لے اب سورۂ فاتحہ پڑھے۔ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے اسی کو پڑھے جائے اور عاجزی کے ساتھ اپنے اغراض پر نظر رکھے دس بیس مرتبہ پڑھ پائیگا کہ دائیں یا بائیں جانب خود بخود پیر اکھڑ جائیں گے اگر دائیں جانب گھومے گا تو کام ہوگا۔ اگر بائیں جانب گھومے گا تو کام نہ ہوگا جب دائیں جانب گھومے برابر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھے جائے یہانتک کہ گھوم کر پھر قبلہ رُخ ہو کر الحمد شریف پوری کرے سُوْرَۃ اَلَمْ نَشْرَحْ سات بار پڑھکر رکوع سجود کرکے دوسری رکعت الحمد شریف اور سورۃ اِنَّا اَنْزَلْنَا ۷ بار پڑھکر سلام پھیر کر دس بار درود شریف پڑھکر حضور کی روح کو بخشکر دعا

مانگ لے اگر بائیں جانب گھومتا ہے تو اُسی طرف سے گھوم کر دائیں
جانب آجائے اور اسی قاعدے سے پڑھکر سلام پھیر کر عجز و انکساری کرے
اور پھر دوسرے تیسرے دن کرے حل مطلب نکل آوے۔
خدا کا شکر بجا لائے۔ پیر۔ جمعرات۔ جمعہ کی شب میں کرنا چاہیئے
انشاء اللہ ضرورت ہیں بعد نماز عشا کرے تاکہ اطمینان قلب
کو ہو جائے ؛

نقش برائے دفعیہ ہر بلا و سحر و جادو وغیرہ

اس نقش کو کالی سیاہی سے کاغذ پر لکھکر اپنے بازو کے ساتھ باندھ
لے انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا سے محفوظ رہے گا مجرب ہے۔

لناعج لساعج لساعج لساعج لساعج لساعج لساعج

عمل برائے تسخیر و وسعت رزق

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْوَاعِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوحَاتِ
وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔
یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ
اُبْسُطْ عَلَیَّ رِزْقًا وَّاسِعًا مُّتَّسِعًا بِلَا مِحْنَتٍ وَّبِغَیْرِ مِنَّتٍ
خَلْقٍ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ وَبِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

ترکیب :۔ بعد نماز صبح اول بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھکر سات دفعہ درود شریف بالا پڑھکر قبلہ شریف کی طرف پھونکے پھر بسم اللہ شریف پڑھکر سات دفعہ درود شریف مذکورہ بالا پڑھکر اپنے دائیں طرف دم کرے اسی طرح اس کے بعد پڑھکر بائیں طرف پھر سات دفعہ بسم اللہ شریف پڑھکر پیچھے کی طرف پھر سات دفعہ پڑھکر اپنے اوپر دم کرے ہر مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھکر شروع کریں۔ اس طرح پانچوں نمازوں کے بعد کوشش کریں کہ ہر نماز باجماعت ادا ہو کم از کم اکثر نمازیں باجماعت پڑھا کریں اور فرض پڑھکر دعا مانگ کر اسی جگہ بیٹھے رہیں اور یہ وظیفہ اسی جگہ پڑھا کریں بعد

ختم ہونے کے پھر سنت نفل وغیرہ پڑھکر نماز ختم کریں وظیفہ پڑھتے وقت یا فرض پڑھنے کے بعد کسی سے گفت وکلام نہ کریں۔ بعد ختم وظیفہ سُنت سے پہلے گفتگو کر سکتے ہیں۔ اگر وظیفہ پڑھنے کے دوران میں وضو ٹوٹ جاوے تو فوراً دوبارہ وضو کر کے از سر نو پڑھیں یعنی وضو ٹوٹنے سے پہلے جس قدر پڑھا گیا ہے اُسے شمار نہ کریں۔ اور پھر شروع سے پڑھیں پانچوں نمازوں میں باقاعدہ اسی طرح پڑھا کریں۔ نماز چاشت واشراق بھی پڑھیں اور بعد نماز چاشت واشراق اپنے نام کے اعداد آپ کے نام کے اعداد ۹۹ کے برابر بسم اللہ شریف پڑھکر سینہ پر دم کریں گریباں کھولکر یا کرتہ اُٹھا کر اسی طرح نماز تہجد بھی پڑھنا لازمی ہے۔ بعد نماز تہجد یہی وظیفہ چار ہزار چار سو چالیس مرتبہ پڑھا کریں اور اسی طرح اپنا سینہ کھولکر دم کر لیا کریں۔ چالیس یوم تک متواتر بغیر ناغہ کے اس وظیفہ کو جاری رکھیں۔ اب گویا اس وظیفہ کی زکوٰۃ دیدی گئی اب ہمیشہ کے لئے پانچوں نمازیں پڑھتے رہیں اور بعد ہر نماز کے فرضوں کے بطور مذکورہ بالا ۴۹ مرتبہ پڑھکر ساتوں طرف دم کر دیا کریں۔ اشراق وچاشت اور تہجد کا پڑھنا اپنی مرضی پر منحصر ہے اور اشراق وچاشت اور تہجد کی نمازیں اگر پڑھیں تو اُن نمازوں کے بعد وظیفہ پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ ہر قسم کا مشکل سے مشکل کام اس وظیفہ

کے طفیل آسان ہو جایا کریگا جس نیت سے اس عمل کا چلہ کیا جائیگا خداوند
کریم ضرور پورا فرمائیگا۔ منہ پر ایک نور سا برس جاویگا۔ ہر ایک دیکھنے اور
ملنے والے پر ایک خاص کیفیت سی طاری ہو جایا کرینگی۔ ہر شخص دل سے
محبت کریگا۔ اگر کسی حاکم یا محبوب کے پاس جاویں یا کسی سے کوئی خاص
کام لینا مطلوب ہو تو اس عمل کو اسی طرح ۴۹ مرتبہ پڑھیں اور شش
جہت بطریق بالا دم کریں اور ساتوں مرتبہ اپنے بدن پر دم کریں اور
پھر سات مرتبہ اور پڑھکر اپنے دائیں ہاتھ پر دم کرکے ہاتھ کی مٹھی بند
کرکے اس کے روبرو چلے جاویں اور قریب جاکر مٹھی کا اشارہ اس کی
طرف کرکے ہاتھ کھول دیں اور سلام کریں وہ نہایت خندہ پیشانی سے
پیش آویگا۔ اور جو کام اس کو کہینگے۔ کبھی انکار نہ کریگا۔

اگر صرف حب کے لیئے اس عمل کو کرنا چاہے تو چلہ کے اندر ہر دفعہ پڑھتے
وقت محبوب کی شکل و صورت کو تصور میں رکھیں اور بعد ختم کے فوراً سجدے
میں گر جاویں اور خداوند کریم سے دعا کریں ممکن ہی نہیں کہ محبوب
بیقرار و بیتاب نہ ہو جاوے اور چلہ ختم ہونے سے پیشتر ہی دلی مراد
پوری نہ ہو۔

اس عمل کے عالم کو فتوحات غیبی حاصل ہوتی ہیں اور مخلوق کا رجوعات

بکثرت ہوتا ہے۔ اور رزق میں فراخی اور کشائش کا رہتے ہیں۔ بعد ختم
چلہ جب تک بلا ناغہ ہر نماز کے بعد ۹۴ مرتبہ پڑھتے رہینگے عمل قبضہ میں
رہیگا بعد ختم چلہ سوائے شرعی امور کے کوئی خاص پرہیز ہمیشہ کے لئے نہیں
ہے البتہ اور ان چلہ میں چالیس یوم تک جلالی اور جمالی جملہ پرہیز لازمی
ہیں یعنی سوائے نان جو یا گندم اور ساگ یا دال بغیر گھی کے اور کوئی
چیز نہ کھاویں۔ ہر قسم کے گوشت و دودھ گھی۔ لہسن پیاز وغیرہ وغیرہ
تمام اشیا سے پرہیز اشد ضروری ہے جھوٹ نہ بولیں۔ بری نگاہ سے
کسی کو نہ دیکھیں۔ برے خیالات دل میں پیدا نہ ہوں۔ اکل حلال اور
صدق مقال لازمی ہے۔ اگر چالیس یوم چلہ کے روزہ رکھا کریں۔ زیادہ
بہتر ہے پورے پرہیز کے ساتھ اگر اس عمل کو کر لیا جاوے اور منہیات
سے اپنے آپ کو علیحدہ رکھیں تو نور الٰہی سے سینہ منور ہو کر حالات
ولایت منکشف ہو جاتے ہیں۔ عجیب عمل ہے۔ عام طور پر بعد ختم چلہ
اگر اس کو جس کسی کے نام کے اعداد اپنے نام کے اعداد کے پڑھکر
اس شخص کو تصور میں لاکر اس کے چہرے پر دم کریں تو وہ گرویدہ
ہو جائے اسی طرح اگر کوئی شخص یہ خواہش کرے کہ فلاں مطلوب مجھ
سے محبت کرے تو طالب و مطلوب دونوں کے نام کے اعداد بحساب

ابجد نکالی کر جمع کر کے دونوں کی صورتیں تصور میں لاکر ایک جگہ تصور میں بٹھلا کر دم کریں۔ دونوں میں از حد اُلفت و محبت ہو جاوے گی اگر مطلوب پردہ نشین ہے اور اسکا حلیہ بھی دریافت نہیں ہو سکتا تو اسکا پہنا ہوا کپڑا منگا کر سامنے رکھ لیں اور اس پر دم کرے یا کسی شیرنی پر پڑھکر دم کر کے دونوں کو کھلا دے۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو ایک فرضی تصویر عورت کی قائم کر کے اُسی کو مطلوب اس کا تصور کر کے ذہن نشین کرے اور اسی فرضی تصویر اور طالب کی حقیقی تصویر دونوں کو تصور میں لاکر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ مگر لب ختم چلہ کے حلال کے لئے حرام کے لئے نہ کرے ورنہ خطا کھائیگا۔ اور دین و دنیا دونوں سے جائے گا ؛

نوٹ ؛ جس وقت یہ عمل شروع کریں ضرور حسب توفیق عہ یا صہ کی کوئی شیرین چیز پکوا کر حضور کی روح پاک کو فاتحہ دلوا کر غریبوں یتیموں محتاجوں میں تقسیم کر دیں ؛

چور کا نام سٹہ یا لاٹری کا نمبر

مندرجہ تیزی۔ معلوم کرنے کا حیرت انگیز عمل جسکی دنیا بھر میں دھوم ہے۔ ایک کونڈا یا طاس لاوے اور کورے چراغ میں اس نقش کو لکھے اور فتیلہ بنا کر جلاوے کوری روئی اور کونڈی میں پانی بھر کر روبرو رکھے اور کسی نابالغ لڑکی کو سرخ کپڑے پہنا کر بٹھاوے اور پھول پر اس عزیمت کو پڑھکر سات مرتبہ لڑکی کو دیوے اور کہے کہ سونگھ جب سونگھ چکے پھر لڑکی سے کہے کہ چراغ جلتا ہے اچھی طرح دیکھو (اور ہر روبرو مریض کو بٹھاوے اگر آسیب وغیرہ نہ ہو ورنہ نہیں) کہ کوئی شخص نظر آتا ہے تو اس سے کہو کہ جھاڑو دیکر جاؤ۔ اور سقا کو بھیجو تاکہ چھڑکاؤ کرے اور جاوے فراش کو کہے کہ فرش بچھاوے اور کرسیاں رکھے بعد میں کہے کہ شہنشاہ جنات سے کہو کہ آپ کرسی پر تشریف رکھیں اور نوکروں کو حکم دیں کہ کھانا لاویں وہ کھانا لاکر شہنشاہ جنات کے سامنے رکھ دینگے جب کھانا کھا چکیں تو بادشاہ سے کہیں کہ حضور ہم سٹہ کا نمبر یا لاٹری کا ٹکٹ نمبر دریافت کرنا چاہتے ہیں یا فلاں مریض بیمار ہے کیوں ہے اسے کیا بیماری ہے۔ اسے کونسا علاج کرنا چاہیئے۔ یا اسی طرح چور سے دریافت

کرنے کی نسبت لڑکی سے کہے کہ جو چور ہے یعنی جس نے چیز چرائی ہے وہ
اُن چیزوں کے حاضر ہو دے یا اس کو پکڑا دے یا شناخت کرائے۔ اور اس
نقش کو لڑکی کے ہاتھ پر لکھ دے اور کل راستہ طریقہ یا جو سوال دریافت
حل مشکلات کے لئے کرنا ہو۔ بادشاہ سے کرے سب امر طے ہو جاوینگے
نیاز پوری دی جاویگی یا بادام مصری حلوا روٹیاں کلیجی کپڑا کورا جس پر
بیٹھے گا اور عطر لونگ۔ پھول لوبان مشک وغیرہ تمام اشیا لڈو تک ختم دیگا

نقش چراغ دینے کا یہ ہے

۷۸۶

۵۹۰۷	۵۵۱۳	۵۵۰۷	۵۵۴
۵۵۰۸	۵۵۰۳	۵۴۹۸	۵۵۱۲
۵۵۰۲	۵۵۰۵	۵۵۱۹	۵۹۹
۵۵۵۴	۵۵۰۰	۵۵۰۱	نام مریض جو دریافت کرنا ہو

نقش ہتھیلی کا یہ ہے



عزیمت حاضرات:- عزمت علیکم فتح فتح جھنگ جھنگ السمیم السمیم صغیہ صغیرا آنسا بلیا بلیا طلبا طلبا سوزد سوزد وکیلا وکیلا بھلا بھلا بھلا بھلا نبلا نبلا خاتم سلیمان بن داؤد علیہ السلام مرحاضر شو حاضر شو حاضر شو۔ (۵۳۴ مرتبہ پڑھیں)

ملازمت کا فوراً مل جانا

قمری مہینہ کی اول جمعرات یا جمعہ کو پڑھے اُسدن روزہ رکھے اور شب جمعہ کو سوتے
وقت اس آیت شریف کو اول آخر درود شریف سہ سہ بار پڑھکر اس سورت کو پڑھے
پھر جمعہ کا روزہ رکھے اور ظہر و عصر کے درمیان چار بجے اس سورت کو لکھے افطار
اس سورت کو ایک مرتبہ پڑھے پھر عشا کی نماز پڑھکر سورت کو پڑھے پھر بیٹھ کر
اس صورت کو پڑھے اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ سُبْحَانَ
اللّٰہِ۔ اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔
اور درود شریف ہر ایک سو سو مرتبہ پڑھکر سوئے جب صبح ہو گھر سے نکل کر کسی
ہوئی سورت کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھ لے اور اگر پہلے ملازم رہ چکا ہے
تو یہ نیت کرے کہ انشاء اللہ ایمانداری کے ساتھ کام انجام دونگا۔ کسی
پر ظلم نہ کرونگا اور اگر جدید ملازم ہو رہا ہے تو یہ نیت کرے کہ فرمانبرداری آقا
اور سچی خدمت انجام دونگا میں ذلیل و خوار بندہ ہوں تیرے فضل کا محتاج
ہوں انشاء اللہ ایک ہفتہ بھی نہ گزرے گا کہ برسر روزگار ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

(نوٹ) یہ خیال نہ فرمائیے کہ گھر بیٹھے سب کچھ ہو جاوے جو لوگ رؤسا میں یا جن کے یہاں ملازمتوں کی
ضرورت ہی یا خواہشمند لوگ ملازمان ہیں اُن کے پاس بھی جاوے اور اپنی طرف سے کوشش کرے

وہ آیت شریف یہ ہے۔ دیکھو ۱۳ سیپارہ ع اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۱۳ سورۃ و قَالَ الْمَلِکُ ائْتُوْنِیْ بِہٖ اَسْتَخْلِصْہُ سے الْخٰسِئِیْنَ تک اگر پڑھا لکھا نہیں تو اس آیت کو لکھوا کر سر کے نیچے رکھے ؛

خرچ کیا ہوا روپیہ واپس آجاوے

ایک حیرت انگیز تنتر جو کہ ایک عامل کا تبلایا ہوا ہے

برسات کی موسم میں دو بڑی زرد مینڈک لیکر جو کہ حفیتی کرتے ہوں۔ مینڈک کے منہ میں ایک روپیہ اور مادہ کے منہ میں اٹھنی رکھکر مرد زخم یا تو ار چوراستہ میں دفن کرے علیحدہ علیحدہ فاصلہ سے اور مینڈک جس جگہ دفن کیا ہو اس کے سر پر چراغ شب کو ہر روز روشن کرآیا کرے چالیس یوم تک یہ عمل کرے پھر ان کو زمین سے نکالکر دیکھے اگر روپیہ اٹھنی کے پاس چلا آوے تو روپیہ کو صرف کر دیا کرے۔ یعنی جب سودا لینے جاوے تب دوکاندار کو ہاتھ میں نہ دیوے ویسے پھینکدے سودا لیکر آوے دہ روپیہ پھر واپس آجاویگا۔ اگر اٹھنی روپے کے پاس آجاوے تو پھر اٹھنی کو صرف کیا کرے شرط یہ ہے کہ جب یہ عمل کرے اسی دوران میں کوئی دیکھ نہ لے ورنہ کچھ نہ ہوگا ؛

عمل حُب

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ

یہ عمل نہایت سریع الاثر ہے اور بارہا اس کی آزمائش ہوئی بجذب کا تیر بہدف ثابت ہوا۔ طریقہ اس کے پڑھنے کا یہ ہے کہ طالب مطلوب کا نام معہ والدین کے ملا کر پڑھنا ہے۔ مثال وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ نورجہاں بن سردار بیگم علی حب محمد حسن بن نور الحسن اس طرح پڑھنا چاہیئے اور روزانہ وقت مقررہ پر پانصد بار اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں وقت کے خلاف نہ ہو اکیس دن تک پڑھنا چاہیئے تین ہفتہ کے اندر انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مسخر ہو جائیگا اور ایسا مسخر ہوگا کہ جان دیگا۔ طالب کتنی لاپرواہی برتے لیکن مطلوب اپنا طرز عمل نہ بدلیگا مجرب بلکہ کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے ؛

کشائش رزق کے لئے حیرت انگیز عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَوَسِّعْ عَلَيَّ رِزْقِيْ وَاَقْدِرْنِيْ عَلٰى كَسْبِهٖ وَمَنِّعْنِيْ لِمَا رَزَقْتَنِيْ وَاَوْتَشْغِلْنِيْ فِيْمَا صَرَفْتَهٗ عَنِّيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ

علیٰ سیدنا محمد وآلہ اجمعین ۵

یہ دعا صبح کی نماز کے بعد اور شام کی نماز کے بعد روزانہ تین تین مرتبہ پڑھ لیا کریں رزق میں فراخی ہوگی مجرب ہے ۔

نقش برائے فتح و نصرت و عزت و حل مشکلات وغیرہ کیلئے مجرب ہے

اس تعویذ کو کالی سیاہی سے پاک و صاف کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھ لے ہر مشکل آسان ہوگی۔ ہر کام میں فتح ہوگی

اذا جاء	نصر اللہ	والفتح	وترایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
نصر اللہ	والفتح	وترایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا
والفتح	وترایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح
وترایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان
اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا

ہم دوزخی ہیں یا جنتی

اگر یہ معلوم کرنے کی خواہش ہے تو آیت الکرسی شریف۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایک مرتبہ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ سے الیٰ آخرہ۔ گیارہواں پارہ رکوع ۱۶ ہر ایک بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز کے اندر معلوم ہو جاوے گا کہ ہم جنتی ہیں یا دوزخی۔ مجرب ہے۔

مفرور شخص کا فوراً واپس آجانا

وَلِکُلٍّ وِّجْھَۃٌ ھُوَ مُوَلِّیْھَا سے قَدِیْرٌ تک اس آیت شریف کو پاک کپڑے کا گول ٹکڑا کاٹ کر اس پر اس آیت شریف کو لکھے اور اس بھاگے ہوئے کا نام لکھا جاوے اور جس مکان سے بھاگا ہو اسکی دیوار میں میخ سے گاڑ دے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہوگا۔

وسعت رزق کا حیرت انگیز عمل

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

کشایش رزق کیواسطے بڑا سریع التاثیر عمل ہے اللہ تعالیٰ بافراغت رزق عطا فرماتا ہے اور خوب برکت ہوتی ہے۔

ترکیب:۔ روزانہ کسی وقت مقررہ پر ایک تسبیح بعد نماز پڑھ لینا کافی ہے۔

فائدہ۔ خود پڑھ کر دیکھیے۔ یہ وہ غیب سے اللہ تعالیٰ کس قدر نعمتیں عطا فرماتا ہے نماز کی پابندی ضروری ہے۔

بذریعہ خواب فن کیمیا کا معلوم ہونا

اول رمضان المبارک کے روزہ رکھتا ہے اور اس کے بعد چھ روزہ عید الفطر کے بعد شش عید کے رکھ لے یہ چھتیس روزے ہوئے یہاں تک تو اس کو کوئی تکلیف نہیں اس کے بعد چار روزے اور رکھ لے تاکہ پورے چالیس روزے ہو جاویں روزانہ پہلے روزے سے جب رات کو سونے لگے سورۂ الم نشرح۔ سورۂ واللیل سورۂ والضحیٰ سورہ والشمس اور آیت شریف قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ سے بغیر حساب تک اول آخر درود شریف پڑھ کر دعا مانگے کہ اے پروردگا

مجھے اس فن کا بڑا شوق دامنگیر ہے اصل راز مجھ پر ظاہر فرما انشاء اللہ
العزیز جاگنے کی حالت میں یا سونے کی حالت میں اسی چالیس یوم کے اندر
اندر پوری معلومات ہو جاویگی۔ بلکہ پوری طرح اطمینان کرا دیا جاوے گا
یہ عمل ایک کامل بزرگ کا بتلایا ہوا تجربہ شدہ ہے ؂

محبّت کا حیرت انگیز عمل

اگر کسی کو اپنی محبت میں گرویدہ بنانا ہو تو یا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ
قَلِّبْ قَلْبَہٗ اِلَیَّ۔ لفظ اِلَیَّ پر مخصوص جس شخص کو گرویدہ بنانا ہو اس کا تصور
اپنی طرف رکھے اور صبح سے شام تک برابر پڑھتا رہے پڑھنے کی قید نہیں جس قدر
ہو سکے اور دعا مانگ لے محبوب خواہ کسی مقام پر ہو۔ حاضر ہوگا اور شفقت اور
محبت سے پیش آئیگا ؂

درندہ جانور کے حملہ سے محفوظ رہنا

اگر شیر یا کتا یا کوئی اور حملہ آور جانور راستے میں حملہ کرتا ہو تو فوراً کلبہم دود
باسط ذراعیہ پڑھنا شروع کر دیا کریں وہ حملہ کرنے سے باز آجاوے گا
ہزاروں مرتبہ کا تجربہ ہے بے شک تجربہ کر کے دیکھ لیں ؂

انسان سب کی نظروں سے پوشیدہ وہ سب کو دیکھے اُسے کوئی نہ دیکھے

نوچندے اتوار کو سیاہ بلی کا چمڑا لاوے اور اسکی ایک مانس میں ٹوپی بناوے پھر اپنے پاس رکھے جب دوسرا اتوار آوے تب بوقت شام دروازہ شہر سے قریب جاکر کھڑا ہو جاوے اور اپنا مانس بند کرکے وہ ٹوپی پرکھ لے جس وقت گائے بھینس شہر میں آویں۔ جو گائے یا بھینس سب سے پہلے داخل ہو اُسکے سینگوں پر ایک بڑا جن سوار ہوگا چونکہ صرف آپکو یہ ٹوپی پہننے سے نظر آویگا دوسروں کو نظر نہیں آتا۔ بس جلدی سے اس جن کے سر سے ٹوپی اتار لیوے اور اپنی ٹوپی مضبوط کرکے پکڑ رکھے پھر سات یوم ندی کے کنارے جاکر روزانہ ۳۰۰ مرتبہ مندرجہ ذیل منتر پڑھتا رہے

راجہ جوگی اگن جل انکی الٹی ریت ڈرتے رہو گورو جی

تھوڑی کرو پریت آخری دن یعنی ساتویں روز پھر وہ جن حاضر ہوگا اور آپ سے ٹوپی مانگے گا آپ اسے کہو کہ ٹوپی ہم تب دینگے جب تم اپنی نشانی دے جاؤ گے آخر مجبور ہو وہ تمہیں ایک انگوٹھی دے جاویگا اور کہے گا کہ جب میری ضرورت ہو اسے آگ دیکھانا میں حاضر ہو جاؤنگا

ہیں پھر جب بلانا ہو انگوٹھی کو آگ دیکھانا وہ حاضر ہوگا جو کہو گے فوراً کرے گا
نہیں کا۔ لیمانی چاہو گے کام کرنے کے لئے دیگا پھر واپس لے لیا کرے گا۔
یل ایک بنگالی بزرگ سے ملا ہے۔

حضرت مولانا مولوی محمد عبداللہ صاحب بنگالی مرحوم
کے حیرت انگیز تعویذات و عملیات جنکی دنیا بھر میں دھوم ہے

تعویذ فتح نامے والا

اگر کوئی مشکل ہو۔ مقدمہ۔ امتحان۔ یا کوئی اور مشکل درپیش ہو جس میں
آپ کامیابی چاہتے ہوں تو پاک صاف حالت میں کالی سیاہی سے
مندرجہ ذیل نقش لکھکر گلے میں پہن لیں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی
وگی۔ نقش اللہ



یہ ہے۔

نقش برائے اولاد

جس شخص کے گھر اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوتی ہوں وہ مندرجہ ذیل نقش کو جو حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام منقول ہے کالی سیاہی سے لکھکر گلے میں باندھ لیں انشاءاللہ تعالیٰ ضرور لڑکا ہوگا۔

نقش یہ ہے:



طلسماتی کاجل بنانا

جب تک کاجل آنکھوں میں رہے گا اُسے کوئی نہ دیکھ سکے گا لیکن وہ سب کو دیکھیگا بروز یکشنبہ بیخ تل سفید بیخ کٹائی سفید جو کہ بوٹیاں ہیں ان دونوں کی جڑیں لاوے اور ان کو باریک کرکے پیس لیوے پھر اس میں پرند اُلو کا ایک تولہ خون ملا کر تر کرے پھر روغن انکول میں تر کرکے فتیلے بناوے اور ایک قبرستان سے آدمی کی کھوپڑی لاوے پھر ان فتیلوں کو چراغ میں رکھ کر روشن کرے اور اوپر آدمی کی کھوپڑی رکھ دیوے جب تمام فتیلے جل جاویں تو کھوپڑی کے اندر کاجل لگا ہوا ہوگا۔ اس سیاہی کو پرندہ اُلو کی چربی میں اچھی طرح حل کرکے کاجل تیار کرے۔ بس کاجل تیار ہے۔ جب لوگوں کی نظروں سے غائب ہونا منظور ہو اس کاجل کو آنکھوں میں لگا لیویں تمہیں کوئی نہ دیکھ سکیگا لیکن تم سب کو دیکھو گے۔

نوٹ:۔ اس قسم کے حیرت انگیز عمل سیکھنے کی خواہش ہو تو ہماری کتاب کرامات اُلو عرف کوہ قاف کا جادو مبلغ عہ بذریعہ منی آرڈر بھیج کر منگوالیں۔ ملنے کا پتہ

عامل کامل دی امریکن میجیکل کمپنی ملتان شہر

قرضے کا فوراً ادا ہو جانا

ایک سو مرتبہ روزانہ ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل درود شریف پڑھکر سجدہ میں جاکر بصد خشوع دعا مانگے کہ بارالہا قرضہ سے سبکدوش بطفیل حبیب پاک فرما۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ؕ

اپنے حافظہ کو قوی کرنا

یَا سَکِیْطِیْغُ یَا لَکُوْشِیَا اَجِبْ یَا سَرْفِیَا ئِیْلُ

اس کے پڑھنے سے کلام پاک خوب حفظ ہوتا ہے۔ نسیان دور ہوتا ہے۔ لکھکر پاس رکھے لوگوں میں مقبول ہو۔

نسخہ اکسیر شمس

یہ نسخہ بالکل درست ہے جو کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ لیکن اس نسخے میں فائدہ زیادہ نہیں خرچ اور محنت زیادہ ہے۔

ترکیب نسخہ یہ ہے۔ اول اصلی چاندی ایک تولہ کو پگھلائیں اور اس پر چٹکی چٹکی گندھک آملہ سار کی ڈال کر دو تولہ صرف کر دیں اور دیکھ لیں کہ یہ چاندی عمدہ طرح سے کشتہ ہو گئی ہے اور پھر لو گندھک کی بالکل دور ہے تو اس کو سنبھال کر رکھ لیں یہ تاکید ہے۔ پھر سنگر اسنج کا سنی عمدہ تین تولہ کو گرم کر کے اول سرکہ اصلی تیز میں سات مرتبہ بجھاویں پھر اصلی شہد میں سات بجھاؤ دیں پھر روغن زیتون میں سات مرتبہ بجھاؤ دیکر صاف کریں۔

پھر کشتہ چاندی سیاہ جو پہلے کیا ہے وہ اور سنگر اسنج صاف ایک تولہ اور سکپور ایک تولہ یہ تینوں کو شیرہ لیموں کاغذی میں دو چار روز خوب ہی کھرل کر کے ایک گولی بناویں اور پھر ایک گولی کو ایک ہفتہ مرغ

میں جس میں صرف زردی ہو ڈال کر بند کر کے گل حکمت کر کے گرم راکھ
اُپلوں کی ہو اس میں دفن کر دیں تاکہ اُس نرم حرارت راکھ سے گولی پختہ
ہو جاوے پھر سرد ہونے پر گولی کو نکالیں اور کوٹھالی میں بذریعہ ماء الحیات
دیکر زندہ کر کے وزن کریں اور وزن چاندی کا تولہ سے کم یا پورا
تولہ ہو درست ہے اگر وزن تولہ سے زیادہ ہو تو دوبارہ نئی کوٹھالی
میں ڈالکر پھر چرخ دیں پھر وزن کم ہو جائیگا تو درست ہوگا تو پھر اُسکے
برابر اصلی سونا ملا کر جو چیز چاہیں بنا کر فروخت بازار کریں مقبول ہوگا
یہ یاد رہے کہ جب چیز بنائیں تو پھر اُس کو اُجال ضرور کر لینا چاہیئے
یعنی نوشادر۔ قلمی شورہ۔ گیرو نرم۔ پھٹکری سُرخ یہ ہموزن کر کے
قدرے اور نمک لاہوری ذرا سا پانی میں پیسکر سونے کی چیز پر لگا کر
آگ میں گرم کر کے پانی میں سرد کریں۔ اسی طرح دو چار مرتبہ لگائیں
رنگ سونیکا شوخ ہو جاتا ہے اور مقبول بازار ہے جس طرح جیسے
چاہیں فروخت کریں۔

زندہ جادو	مسمریزم	عملیات حب	تسخیر ہمزاد	سٹہ لاٹری	اسم اعظم

وغیرہ سیکھنے کا حیرت انگیز اصلی خفیہ کورس جس کی دنیا بھر میں دھوم مچی ہوئی ہے

کرامات اُلّو

عُرف

کوہ قاف کا جادُو

ناظرین! اس کتاب میں پرندہ اُلّو کے عملیات کے علاوہ ایسے ایسے حیرت انگیز کالے جادو مسمریزم عملیات حُب تسخیر ہمزاد اسم اعظم وغیرہ درج ہیں کہ جنکے ذریعہ ایک رات میں معشوق پندراں یوم میں روزگار ایک ماہ میں قرضہ جیسی لعنت سے بیفکری اظالہ دلوں پر فتح اغرضیکہ کوئی مشکل ہو اس کے ذریعہ شرطیہ حل ہو سکتی ہے۔ علاوہ اس کے انسان کی نظروں سے پوشیدہ رہکر کل مخلوق کو دیکھنا۔ مگر خود کسی کو نظر نہ آنا۔ موکلات کو تابع کر کے ان سے ہر شخص کے دل کا حال، تمام سچی خبریں، نتیجے، علاجات، دفینے کیمیا کے نسخے، مقدمہ امتحان کشتی، گھوڑ دوڑ، سٹہ یا لاٹری میں کامیابی کی سینکڑوں ترکیبیں دریافت کر لینا۔ اگر غلط نکلے تو دام واپس اتنی خوبیوں کے باوجود اسکی رعایتی قیمت ایکروپیہ چھ آنے ہے

ملنے کا پتہ عامل کامل پیر صاحب ملتان شہر پنجاب